# آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کے بارے میں عمومی سوالات
## میرے تپ دق انفیکشن کا علاج

آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ نے آپ کے تپ دق (tuberculosis, TB) انفیکشن کے علاج کے لیے **آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن** تجویز کی ہیں۔
یہ دوا کھانے کے بعد پانچ سے 10 منٹ کے اندر **12 ہفتوں کے لیے ہفتے میں ایک بار لینی چاہیے**۔ آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن مستقبل میں آپ کو فعال تپ دق بیماری، جو کہ ایک زیادہ سنگین بیماری ہے، سے بیمار ہونے سے بچانے میں مدد کر سکتی ہیں۔

### میرا تپ دق ٹیسٹ مثبت ہے لیکن میرے سینے کا ایکسرے نارمل ہے۔ مجھے اپنی طبیعت ٹھیک محسوس ہوتی ہے۔ کیا مجھے آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن لینا شروع کرنی ہوں گی؟

جی ہاں۔ یہاں تک کہ اگر آپ اس وقت بیمار محسوس نہیں کرتے ہیں تب بھی آپ کے جسم میں تپ دق کے جراثیم موجود ہوتے ہیں۔ آپ کے جسم میں تپ دق کے جراثیم کو مارنے کا واحد طریقہ دوا لینا ہے۔

### آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

زیادہ تر لوگ بغیر کسی مسائل کے یہ دوائیں لے سکتے ہیں۔ رائفاپینٹائن آپ کے یورین (پیشاب)، لعاب (تھوک)، آنسو یا پسینہ کے نارنجی سرخ رنگ میں تبدیل ہونے کا سب بن سکتی ہے۔ ایسا ہونا عام ہے۔ وقت کے ساتھ یہ رنگ ختم ہو سکتا ہے۔

### کیا میں اب بھی اپنی دوسری دوائیں، جڑی بوٹیوں پر مبنی دوائیں، وٹامنز یا سپلیمنٹس لے سکتا/سکتی ہوں؟

یہ دواؤں پر منحصر ہے۔ کچھ دوائیں، وٹامنز اور سپلیمنٹس آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کے ساتھ لینا محفوظ ہیں۔ جبکہ کچھ محفوظ نہیں ہیں۔ اپنے فراہم کنندہ، نرس یا فارماسسٹ کو ان دوسری دوائیوں کے بارے میں بتائیں جو آپ لیتے ہیں، بشمول اوور دی کاؤنٹر دوا، نسخے میں تجویز کردہ دوائی (بشمول ضبط تولید کی دوا)، جڑی بوٹیوں پر مبنی دوائی، روایتی ادویات، وٹامنز اور سپلیمنٹس۔

### کیا کوئی ایسی کوئی خوراک یا مشروبات ہیں جن سے مجھے آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن لینے کے دوران پرہیز کرنا چاہیے؟

جی ہاں۔ اپنے 12 ہفتوں کے علاج کے دوران شراب نہ پیئں۔ آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کے ساتھ الکحل کو ملانا آپ کے جگر کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔
ایسے کھانوں سے پرہیز کیا جانا چاہیے جن میں کیمیکل ٹائرامین یا ہسٹامائن ہو، جیسے پرانا پنیر، مچھلی، نمک کے ذریعے محفوظ کردہ یا اسموک شدہ گوشت سے پرہیز کرنا چاہیے۔ یہ علامات کا سبب بن سکتے ہیں، جیسے کہ جلد کا سرخ و گرم ہو جانا، دل کی تیز دھڑکن یا دل کا دھک دھک کرنا، بلڈ پریشر میں اضافہ یا سر درد۔
اپنے فراہم کنندہ سے یہ جاننے کے لیے بات کریں کہ آیا آپ کو کسی خصوصی خوراک کی ضرورت ہے۔

**اگر آپ کو درج ذیل میں سے کوئی ضمنی اثرات درپیش ہیں تو آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن دونوں کو لینا بند کریں اور فورا اپنے فراہم کنندہ کے دفتر کال کریں:**

- کوئی کھانا کھانے کا دل نہ کرنا
- متلی یا الٹی
- پیٹ میں درد
- بھورا (سرخ یا نارنجی نہیں) یورین (پیشاب)
- ہلکے رنگ کا پاخانہ (فضلہ/پُوپ)
- اسہال
- آپ کے سینے کے نچلے حصے میں درد یا جلن
- بخار کے ساتھ یا بغیر فلو جیسی علامات
- سر درد یا جسم میں درد
- شدید کمزوری یا تھکاوٹ
- بخار یا سردی لگنا
- چکر آنا
- جلد یا آنکھوں کا پیلا ہو جانا
- جلد پر سرخ دانے یا چھالے
- آسانی سے نیل پڑنا، یا آپ کی جلد پر سرخ یا جامنی رنگ کے دھبے جن کی بظاہر کوئی وجہ سمجھ نہیں آتی
- آسانی سے خون بہنا، ناک سے خون بہنا یا آپ کے مسوڑھوں سے یا آپ کے دانتوں سے خون بہنا
- دم گھٹنا
- آپ کے ہاتھوں، بازوؤں، پیروں یا ٹانگوں میں درد یا جھنجھلاہٹ
- اداسی یا افسردگی کے احساسات

اگر آپ کو بُرے ضمنی اثرات کا سامنا ہے تو آپ تپ دق انفیکشن کے علاج کے لیے کوئی مختلف دوا لے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی تشویش ہے تو اپنے فراہم کنندہ، نرس یا فارماسسٹ سے بات کریں۔

NYC Health

# آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کے بارے میں عمومی سوالات
میرے تپ دق انفیکشن کا علاج

اگر آپ کے تپ دق انفیکشن کے علاج کے بارے میں کوئی سوالات یا خدشات ہیں تو براہ کرم اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں۔
ایمرجنسی کی صورت میں یا اگر ضمنی اثرات بدتر ہو جائیں تو اپنے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں یا اپنے قریبی ایمرجنسی روم میں جائیں۔

## اگر میں اپنی دوا لینا بھول جاؤں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کو اسی ہفتے میں یاد آ جاتا ہے جس ہفتے آپ نے دوائی لینا تھی تو ہدایت کے مطابق فوری دوا لے لیں۔ اگر آپ کا دوائی کا کوئی ہفتہ چھوٹ جاتا ہے تو ہدایت کے مطابق دوا لینا جاری رکھیں۔

گر آپ اپنی دوائی لینا بھول جاتے ہیں تو رہنمائی کے لیے اپنے فراہم کنندہ کو کال کریں۔

## میں اپنی دوائی لینا کیسے یاد رکھوں؟

اپنی دوائی ہفتے میں ایک بار لیں (مثال کے طور پر، ہر پیر کو ناشتے کے ساتھ)۔
اپنی دوائی لینے کا ریکارڈ رکھنے کے مختلف طریقے ہیں:

- یہ ٹریک کرنے کے لیے کہ آپ اپنی دوائی کب اور کیسے لیتے ہیں، دوائی کا لاگ استعمال کریں، جیسے کہ تپ دق انفیکشن کی دوائی کا ٹریکر۔
- یہ ٹریک کرنے کے لیے کہ آپ اپنی دوائی کب اور کیسے لیتے ہیں، اپنے موبائل فون یا کمپیوٹر پر کیلنڈر ایپلیکیشن (ایپ) استعمال کریں۔
- اپنی دوائی لینے کے لیے روزانہ کا الارم لگائیں۔
- اپنی دواؤں کو ہمیشہ ایک ہی جگہ رکھیں، جیسے کہ پلنگ کے ساتھ کی میز۔
- ہفتہ وار ٹیبلٹس کا باکس استعمال کریں۔
- کسی دوست یا فیملی ممبر سے کہیں کہ وہ آپ کو آپ کی دوا لینا یاد دلائیں۔

## مجھے آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کیسے اسٹور کرنی چاہیئں؟

اپنی آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کو کمرے کے عام درجہ حرارت پر اسٹور کریں۔ ان دواؤں کو ایسی جگہ نہ رکھیں جو بہت ٹھنڈی ہو جائے (جیسے فریج میں)، بہت گرم ہو جائے (جیسے آپ کے چولہے کے قریب) یا جہاں بہت نمی ہو جائے (جیسے آپ کے باتھ روم کی کیبینٹ)۔ انھیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور "**medicine safety**" (ادویات کی حفاظت) تلاش کریں۔

## کیا میرے آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کے نسخے کو ایک وقت میں 30 دن سے زیادہ مدت کے لیے فراہم کیا جا سکتا ہے؟

اس بات کا کافی زیادہ امکان ہے کہ آپ کے آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن لیتے وقت یہ یقینی بنانے کے لیے کہ علاج کام کر رہا ہے اور کسی بھی ضمنی اثرات کے بارے میں بات کرنے کے لیے آپ کا فراہم کنندہ ہر ماہ آپ سے ملنا چاہے گا۔ آپ اور آپ کا فراہم کنندہ مل کر یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کیا بہترین رہے گا۔

## فراہم کنندہ/کلینک سے رابطہ کی معلومات

فراہم کنندہ/کلینک کا نام:

______________________

______________________

فون نمبر:

______________________

پتہ:

______________________

______________________

## اگر میں صحت مند محسوس کرنے لگوں تو کیا دوا کم کی جا سکتی ہے؟ کیا علاج وقت سے پہلے بند کیا جا سکتا ہے؟

نہیں، یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے جسم میں تپ دق کے جراثیم کو مارنے کا بہترین موقع فراہم کرنے کے لیے اپنی تپ دق انفیکشن کی تمام دواؤں کا کورس مکمل کریں۔ اگر آپ جلد علاج بند کر دیتے ہیں تو آپ بعد میں بھی بیمار ہو سکتے ہیں۔ علاج بند کرنے یا اپنی دوا کم لینے سے پہلے اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں۔

## میں آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن لینا کب بند کر سکتا ہوں؟

اپنا پورے 12 ہفتے کا علاج مکمل کرنے کے بعد۔ اگر آپ کو دوا لینے میں پریشانی ہو رہی ہے تو اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں تاکہ وہ آپ کا علاج مکمل کرنے میں آپ کی مدد کر سکیں۔